بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان

Est. 1939 ABC CERTIFIED

روزنامہ نعرۂ حق کوئٹہ

Daily Nara-e-Haq Quetta

رجسٹرڈ نمبر: 706

چیف ایڈیٹر: عصمت اللہ کاکڑ

Daily.naraehaq@gmail.com

جلد نمبر 85 | 07 ربیع الاول 1448ھ | جمعہ 21 اگست 2026ء | قیمت 6 روپے | شمارہ نمبر 156

سینیٹ اور قومی اسمبلی نے ڈیفنس فورسز ترمیمی بل اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ترمیمی بل منظور کر لیے

نیشنل کمانڈ اتھارٹی ترمیمی ایکٹ کی تفصیلات سامنے آگئیں، قانون کا اطلاق 27 نومبر 2026 سے ہوگا، چیف آف ڈیفنس فورسز کے نئے عہدے، دفاعی کمانڈ کے ڈھانچے، تینوں مسلح افواج کے درمیان رابطہ کاری اور مشترکہ آپریشنل صلاحیت بہتر بنانے سے متعلق متعدد نئی قانونی شقیں شامل کی گئی ہیں

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی نے گزشتہ رات سے ڈیفنس فورسز ایکٹ ترمیمی بل اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ ترمیمی بل 2026 کی منظوری دے دی، اپوزیشن نے بلز کی منظوری کے دوران احتجاجاً واک آؤٹ کیا اور بلز کی مخالفت کی، دونوں بلز وزیر دفاع خواجہ آصف کی جانب سے ایوان میں پیش کئے گئے جبکہ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے دونوں بلز کے اغراض و مقاصد بیان کئے اور کہا کہ ایکٹ 2026 کے بجٹ سیوے میں چیف آف ڈیفنس فورسز کے نئے عہدے، دفاعی کمانڈ کے ڈھانچے، تینوں مسلح افواج کے درمیان رابطہ کاری اور مشترکہ آپریشنل صلاحیت بہتر بنانے سے متعلق متعدد نئی قانونی شقیں شامل کی گئی ہیں۔ مجوزہ قانون آئین کے آرٹیکل 243 کے تحت دفاعی کمانڈ کے ڈھانچے کو قانونی بنیاد فراہم کرے گا۔ سیوے کے

بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 3

چیف آف ڈیفنس فورسز کا نیا ادارہ و قائم ہونے کے بعد ہم آہنگی اور بعض انتظامی امور کے حوالے سے قانون سازی ناگزیر ہوگئی اور اس کے علاوہ اس کے کوئی مقاصد نہیں ہیں۔ پاکستان ڈیفنس فورسز

آبنائے ہرمز میں زیادہ تر بحری جہاز امریکی دباؤ سے زیادہ ایران سے خوفزدہ

ایران آبنائے ہرمز پر اپنا نمایاں اثر و رسوخ برقرار رکھے ہوئے ہے اور بحری آمد و رفت میں خلل ڈالنے کی صلاحیت رکھتا ہے، ماہرین

تہران (این این آئی) آبنائے ہرمز میں ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کے باوجود بحری جہازوں کی نقل و حرکت کے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ بیشتر جہاز امریکی دباؤ کے مقابلے میں ایران کو ناراض کرنے سے زیادہ خوفزدہ نظر آتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا دعویٰ ہے کہ امریکی فوج آبنائے ہرمز میں بحری آمد و رفت پر

بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 3

اسرائیل کے ساتھ مذاکرات کا دروازہ بند نہیں کیا، شامی وزیر خارجہ

دمشق (این این آئی) شامی وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی نے کہا ہے کہ اسرائیل کے ساتھ مذاکرات کا دروازہ بند نہیں کیا، امریکی ثالثی میں مذاکرات دوبارہ شروع ہو سکتے ہیں۔ اسعد حسن الشیبانی نے

بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 3

چین سے متعلق مثبت پالیسی جنوبی کوریا کے مفاد میں ہے، چینی وزیر خارجہ

دونوں ممالک کو باہمی مفاد اور تعاون میں شراکت دار بننا چاہیے، وانگ یی کا بیان

بیجنگ (این این آئی) چینی وزیر خارجہ وانگ یی نے جنوبی کوریا کے صدر لی جے میونگ سے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات، تجارت اور نئے کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وانگ یی نے کہا کہ بیجنگ سے متعلق مثبت پالیسی اپنانا جنوبی کوریا کے مفاد میں ہے۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان آزاد تجارتی

بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 3

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

محمود خان اور اختر مینگل کی سیاست ذاتی مفاد کیلئے ہے، وزیر داخلہ

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سب سے بڑا امتحان عوام کا اعتماد ہے، اگر عوام ریاست کے ساتھ کھڑے ہوں گے تو دہشت گردی کے خوف کی جنگ میں کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے، بلوچستان کے مسائل کا حل بندوق نہیں بلکہ مذاکرات، آئین پارلیمنٹ رزق اور عوامی شمولیت میں ہے، جگہ مہم شہریوں کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف ریاست اپنی ذمہ داری پوری کرے گی

بلوچستان میں دہشت گردی کی ایک لہر موجود ہے جس کے نتیجے میں معصوم شہریوں اور اہلکاروں کی جانیں ضائع ہو رہی ہیں، ان کے مطابق اس دہشت گردی کے پیچھے بیرونی معاونت کے شواہد اور اثرات کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، تاہم ریاست دہشت گردی کے مقابلے میں عوام کے تحفظ اور امن کے قیام کے لیے اپنی ذمہ داری پوری کرے گی

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا لانگو نے کہا ہے کہ 14 اگست پاکستان کی آزادی کا دن ہے اور آزادی اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے، اس لیے ان کی خواہش تھی کہ وہ قلات جا کر اپنے لوگوں کے ساتھ جشن آزادی منائیں اور پاکستان کا سبز ہلالی پرچم بلند کریں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کا مقصد قلات جیسے تاریخی شہر میں یوم آزادی کے موقع پر خوف و ہراس پیدا کرنا اور پاکستان کا پرچم بلند ہونے سے روکنا تھا، تاہم ریاستی عزم کے سامنے دہشت گرد اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکے، ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر داخلہ عید خیالوں میں ایک کوڈ کاسٹ کو تفصیلی دیتے ہوئے کیا۔ اپنے تفصیلی انٹرویو میں صوبائی وزیر داخلہ نے کہا کہ پاکستان کا جھنڈا ہمیں اپنی جان سے بھی

بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 3

پاکستان دہشتگردی کیخلاف جنگ میں بہت بھاری قیمت ادا کی ہے، صدر مملکت

دہشت گردی کی تمام اقسام اور مظاہر کی بلاامتیاز مذمت کی جانی چاہیے، حکومتی اداروں، صحت اور تعلیمی اداروں، سول سوسائٹی، نجی شعبے، ذرائع ابلاغ اور غیر تیاتی شراکت داروں کو مل کر کام کرنا ہوگا، صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے دہشت گردی کے ہاتھوں اپنی جانیں گنوانے والے تمام افراد کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئی مذہب، عقیدہ، مسلک، نظریہ، شکایت، مقصد یا سیاسی مفاد کبھی بھی بے گناہ انسانوں کے قتل کا جواز نہیں بن سکتا، دہشت گردی کی تمام اقسام اور مظاہر کی بلاامتیاز مذمت کی جانی چاہیے، حکومتی اداروں، صحت اور تعلیمی اداروں، سول

بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 3

پی ٹی آئی نے کبھی بھی ڈیفنس فورسز سے متعلق قوانین کو متنازع نہیں بنایا، بیرسٹر گوہر

یہ ٹیکنیکل نوعیت کا معاملہ ہے، پاکستان ہمارا ہے، پاک فوج ہماری ہے، چیئرمین تحریک انصاف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف نے کبھی بھی ڈیفنس فورسز سے متعلق قوانین کو متنازع نہیں بنایا۔ پارلیمانی رہنما ہی میں منتظر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم نہیں چاہتے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط نہ ہو، ڈیفنس فورسز ایکٹ کا معاملہ ٹیکنیکل نوعیت کا ہے ہمارے ساتھ کچھ بات نہیں کی گئی۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ عوام کو بھی نہیں پتہ کہ کیا قانون سازی کی جا رہی ہے، ہمیں نے

بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 3

علاقائی سالمیت کیلئے حکومت اور قوم ایک پیج پر ہے

شہباز شریف

شہداء کی قربانیاں پاکستان کے دفاع اور سلامتی کے لیے قومی عزم اور عزیمت مضبوط کرتی ہیں، پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے حکومت اور قوم کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید (نشان حیدر) کی 55 ویں برسی پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید کی عظیم قربانی قوم کے لیے جرات، حب الوطنی اور فرض شناسی کی لازوال مثال ہے۔ اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ راشد منہاس شہید نے مادر وطن کے دفاع اور قومی وقار کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ ان کی بے مثال

بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 3

وزیراعظم شہباز شریف کی قومی اسمبلی آمد، ایوان کا ماحول سیاسی ملاقاتوں کا مرکز بن گیا

وزیراعظم محمود خان اچکزئی کے پاس گئے، اپوزیشن رہنماؤں اسد قیصر، بیرسٹر گوہر اور عامر ڈوگر سے بھی ملاقات کی

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف کی قومی اسمبلی آمد کے موقع پر ایوان کا ماحول سیاسی ملاقاتوں کا مرکز بن گیا۔ وزیراعظم نے اجلاس میں اپنی نشست سنبھالنے سے قبل حکومتی اور اپوزیشن رہنماؤں سے ملاقاتیں کیں، اپوزیشن لیڈر محمود خان

بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 3

امریکی سفیر نے کشمیری متنازعہ حیثیت، کشمیریوں کی خواہشات کو نظر انداز کیا، کشمیر گلوبل کونسل

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے تنازعہ کشمیر کے حل اور کشمیریوں کے حق خودارادیت کے حق میں کوئی قرارداد پاس کرنے کی ہیں

فورنٹو (این این آئی) کشمیر کے شہر فورنٹو میں قائم "کشمیر گلوبل کونسل" نے بھارت میں امریکی سفیر سرجیو گور کی طرف سے جموں و کشمیر کو بھارت کا اہم حصہ قرار دینے کے بیان کی شدید مذمت کی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کونسل نے فورنٹو میں جاری

بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 3

پاکستان اور شام کا باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور شام نے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا ہے، جمعہ کو نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان شام کی خودمختاری، اتحاد اور علاقائی سالمیت کی حمایت جاری رکھے گا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی

بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 3

وفاقی کابینہ نے وزارت بین الصوبائی رابطہ کی سفارش پر نیشنل ایڈوکیسیٹ ایڈوکیسیٹ پالیسی کی اصولی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے وزارت بین الصوبائی رابطہ کی سفارش پر نیشنل ایڈوکیسیٹ ایڈوکیسیٹ پالیسی کی اصولی منظوری دے دی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس جمعرات کو اسلام آباد میں منعقد ہوا وفاقی کابینہ نے وزارت بین الصوبائی رابطہ کی سفارش پر نیشنل ایڈوکیسیٹ ایڈوکیسیٹ پالیسی کی اصولی منظوری دے دی۔ یہ پالیسی پاکستان کی نوجوان آبادی کو بااختیار بنانے کے حوالے سے ایک اہم پیشرفت ہے۔ اس پالیسی کے حوالے سے ایک اہم پیشرفت ہے۔ اس پالیسی

بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 3

اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری نے ایوان صدر میں قازقستان کے سفیر ریزڈان کستالین ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی کابینہ نے وزارت بین الصوبائی رابطہ کی سفارش پر نیشنل ایڈوکیسیٹ ایڈوکیسیٹ پالیسی کی اصولی منظوری دے دی

اس پالیسی کے تحت حکومت کی سطح پر نوجوان آبادی کو مرکزی دھارے میں لایا جائے گا، اطلاعیہ جاری

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی کابینہ نے وزارت بین الصوبائی رابطہ کی سفارش پر نیشنل ایڈوکیسیٹ ایڈوکیسیٹ پالیسی کی اصولی منظوری دے دی، اس پالیسی کے تحت حکومت کی سطح پر نوجوان آبادی کو مرکزی دھارے میں لایا جائے گا، وزیراعظم نے ہدایت کی کہ مذکورہ پالیسی کے حوالے سے کابینہ بین الصوبائی رابطہ کی کمیٹی کا حصہ بنایا جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس جاری ہے۔ کمیٹی کے چیئرمین وزیر مملکت برائے بین الصوبائی رابطہ کی سفارش پر نیشنل ایڈوکیسیٹ ایڈوکیسیٹ پالیسی کی اصولی منظوری دے دی۔ اس پالیسی کے تحت حکومت کی سطح پر نوجوان آبادی کو مرکزی دھارے میں لایا جائے گا

بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 3

پٹرول کی قیمتیں میں نہیں بدلتا، صرف عملدرآمد کرتا ہوں: وزیر پٹرولیم

تو تانی کے شبے میں مرمایہ کاروں کیلئے سازگار ماحول پیدا کیا تو انہوں نے بھرپور شرکت میں نمایاں کمی کا الزام لگایا، انرجی کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کا کہنا ہے کہ فیول کی قیمتیں روزانہ کی بنیاد پر بدلتی ہیں میں صرف عملدرآمد کرتا ہوں۔ پاکستان انرجی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مجھے پر تنقید کرنے والے کہتے ہیں روز قیمتیں

بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 3

عوامی مقاصد کیلئے زمین کا حصول، سپریم کورٹ اور پشاور ہائیکورٹ کی فل بنچ کے سامنے فیصلے کالعدم قرار

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی آئینی عدالت نے عوامی مقاصد کے لیے زمین کے حصول کے معاملے سے متعلق ایک بڑا فیصلہ سناتے ہوئے سپریم کورٹ اور پشاور ہائیکورٹ کی فل بنچ کے سامنے فیصلے کالعدم قرار دے دیے ہیں۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے 45 صفحات پر مشتمل فیصلہ تحریر کیا جبکہ جسٹس ارشد حسین نے اضافی نوٹ لکھا اور جسٹس علی باقر نجفی

بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 3

دشتی افریقی جمہوریہ میں سونے کی کان بیٹھنے سے 100 سے زائد افراد ہلاک

کیمرون (آن لائن) دشتی افریقی جمہوریہ میں سونے کی کان بیٹھ جانے سے 100 سے زائد افراد ہلاک ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق دشتی افریقی جمہوریہ میں کیمرون کی سرحد کے قریب زیموبے گاؤں میں ایک سونے کی کان بیٹھ جانے سے کان پر چار ریزہ فریم کر گئی۔

بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر 3

راشد منہاس شہید کی بہادری تاریخ حرب کا روشن باب ہے، وزیر داخلہ

محسن نقوی کا راشد منہاس شہید کو خراج عقیدت، دفاع وطن میں عظیم قربانی کو سلام

اسلام آباد (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے نشان حیدر پانے والے پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید نے دفاع وطن کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے فرض شناسی، جرات اور حب الوطنی کی عظیم مثال قائم کی۔ راشد منہاس شہید کے یوم شہادت کے موقع پر اپنے پیغام میں محسن نقوی نے کہا کہ شہید کا جذبہ حب

بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 3

امریکا کا مجموعی عوامی قرض 40 ٹریلین ڈالر سے تجاوز

بائیڈن کی چار سالہ مدت صدارت کے دوران قرض میں 8.4 ٹریلین ڈالر کا اضافہ ہوا، وائٹ ہاؤس

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کا مجموعی عوامی قرض پہلی بار 40 ٹریلین ڈالر سے تجاوز کر گیا۔ امریکی محکمہ خزانہ کے جاری اعداد و شمار کے مطابق واٹ

بقیہ نمبر 33 صفحہ نمبر 3

جموں و کشمیر عالمی سطح پر تسلیم شدہ متنازعہ خطہ ہے، حریت کانفرنس

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے بھارت میں امریکی سفیر سرجیو گور کی طرف سے سرینگر کے دورے کے دوران کشمیر کو بھارت کا ایک اہم حصہ قرار دینے کے بیان کی شدید مذمت کی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حریت کانفرنس کے جرنل ایڈوکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ کشمیر ایک طویل عرصے سے زیر اعلیٰ بین الاقوامی تنازعہ ہے جو اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر موجود ہے۔ امریکی سفیر سرجیو

بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 3

ملائیشین وزیر داخلہ کا پاکستان مونومنٹ اور اسلام آباد پولیس لائنز کا دورہ

سیف الدین ناسوتیون بن اسماعیل کی یادگار شہداء پر حاضری، پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی

اسلام آباد (آن لائن) ملائیشیا کے وزیر داخلہ سیف الدین ناسوتیون بن اسماعیل نے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ پاکستان مونومنٹ اور اسلام آباد پولیس لائنز کا دورہ کیا، جہاں ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ ملائیشین وزیر داخلہ نے

بقیہ نمبر 32 صفحہ نمبر 3

مڈ پکا ایران کیخلاف تباہ کن معاشی پابندیوں کا اعلان

بغیر معمولی پیمانے پر معاشی جنگ اور ایران کو تنہا کرنے کی کارروائی ہوگی، ایران کے خلاف لگے ٹیرف اب تک کی جانے والی سب سے زیادہ جامع اور شدید معاشی کارروائی کا اعلان کر رہا ہوں

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کیخلاف معاشی جنگ چھیڑ دی، دنیا کو خبردار کیا ہے کہ وہ تیل کی اسمگلنگ سمیت ایران سے ہر قسم کا معاشی تعلق توڑ لے ورنہ بڑے اقتصادی نتائج بھگتنا ہوں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ٹرمپ نے اپنے بیان میں کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ اتحادی ہمارے ساتھ کھڑے ہوں، یہ غیر معمولی پیمانے پر معاشی جنگ اور ایران کو تنہا کرنے

بقیہ نمبر 34 صفحہ نمبر 3

ملک کے مختلف علاقوں میں موسلا دھار بارش، سیلاب کا خدشہ

کشمیر، مری، گلیات اور اسلام آباد و راولپنڈی کے مقامی نالوں میں طغیانی کا خطرہ، الرٹ جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد، راولپنڈی، پشاور، مردان، سوات، گوجرانوالہ، لاہور اور دیگر علاقوں میں موسلا دھار بارش کی پیش گوئی اور نشیبی علاقوں میں شہری سیلاب کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، راولپنڈی، پشخوبار، بالائی پنجاب، کشمیر، بالائی و وسطی کشمیر، مشرقی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں گرج چمک کے ساتھ وقفے وقفے سے مزید بارش متوقع ہے، بعض مقامات پر موسلا دھار بارش بھی ہو سکتی

بقیہ نمبر 37 صفحہ نمبر 3

وزیراعظم کا مجموعی قرض 40 ٹریلین ڈالر سے تجاوز

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت سرکاری اداروں سے متعلق کابینہ کمیٹی کا اجلاس

اسلام آباد (آن لائن) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت سرکاری اداروں سے متعلق کابینہ کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ کے بورڈ میں آزاد ڈائریکٹر کی تقرری کی منظوری دی گئی۔ وزارت خزانہ کے مطابق پی پی ایل بورڈ میں خالی نشست پر آزاد ڈائریکٹر تعینات کیا جائے گا، او جی

بقیہ نمبر 36 صفحہ نمبر 3

ہائی اسپیڈ ڈیزل پر لیوی بڑھا کر 80 روپے فی لیٹر کر دی گئی

پٹرول پر لیوی میں ایک روپے 72 پیسے کا اضافہ، ہائی اسپیڈ ڈیزل پر لیوی 80 روپے فی لیٹر، مٹی کا تیل، لائٹ ڈیزل آئل اور فرنس آئل پر لیوی الگ مقرر

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت نے ہائی اسپیڈ ڈیزل پر پٹرولیم لیوی میں ایک روپے 72 پیسے کا اضافہ کر دیا ہے، جس کے بعد ڈیزل پر عائد لیوی 78 روپے 28 پیسے سے بڑھ کر 80 روپے فی لیٹر ہو گئی۔ حکومت کی جانب سے جاری کردہ نوٹس کے مطابق ہائی اسپیڈ ڈیزل پر پٹرولیم لیوی

بقیہ نمبر 39 صفحہ نمبر 3

ہٹ دھرم افغانستان مرکز سے ہینڈل ہوتے ہیں انکے سہولت کار ہمسایہ ملک بنتے ہیں

ان دہشتگروں کا تمیں ملک کے دوسرے پار ہوتا ہے، دہشتگرد افغانستان مرکز سے ہینڈل ہوتے ہیں انکے سہولت کار ہمسایہ ملک بنتے

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین سینیٹر پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ دہشتگرد افغانستان مرکز سے ہینڈل ہوتے ہیں انکے سہولت کار ہمسایہ ملک بنتے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو میں بلاول بھٹو نے کہا کہ جھوٹے الفاظ کا غلط پروپیگنڈا تھا میں علیحدگی پسندی کے بارے میں موقف دے رہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ انتہا پسند تنظیمیں ٹی ٹی پی کی صورت میں حملے کرتے رہے ہیں کرنے والوں کی بات کر رہا تھا میں دہشتگردی کے

بقیہ نمبر 41 صفحہ نمبر 3

پاکستان آخری دہشتگرد کے خاتمے تک دہشتگردی کیخلاف جنگ جاری رکھے گا

ایاز وزیر

دہشتگردی کے خلاف پاکستان کا قومی عزم غیر متزلزل ہے، دہشتگرد عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، اپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ دہشتگردی انسانیت کے خلاف ایک سنگین جرم اور عالمی امن و سلامتی کے لیے بڑا خطرہ ہے، دہشتگردی کے واقعات میں شہید ہونے والے معصوم شہریوں، سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے بہادر اہلکاروں کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دہشتگردی کے متاثرین کو یاد کرنے

بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 3

وفاقی آئینی عدالت کا وکلا کی جانب سے التوا مانگنے پر سخت برہمی کا اظہار

عدالتوں میں ہر روز مقدمات کی تعداد بڑھ رہی ہے، یہ سب عوام کے ساتھ ظلم ہے، جسٹس عامر فاروق

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی آئینی عدالت نے وکلا کی جانب سے التوا مانگنے پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ روزانہ مقدمات کی تعداد بڑھ رہی ہے اور اس رویے کے ساتھ یہ سلسلہ نہیں رکے گا۔ جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے ہیں کہ باہر جا کر آپ کی کہتے ہیں کہ مقدمات کے فیصلے نہیں ہوتے جبکہ عدالتوں میں ہر روز مقدمات کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ یہ رویہ ہم تو مقدمات بڑھتے ہی رہیں گے۔ یہ سب عوام کے ساتھ ظلم

بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 3

امریکا کو آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل کیلئے خفیہ آپریشن جاری

ہر رات 15 سے 20 آئل ٹینکرز جنوبی راستے سے آتے جاتے ہیں، امریکی حکام

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کو آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل کے لیے خفیہ آپریشن جاری ہے، آبنائے ہرمز سے روزانہ تقریباً 10 ملین بیرل تیل منتقل کیا جا رہا ہے۔ امریکی حکام کے مطابق ہر رات 15 سے 20 آئل ٹینکر جنوبی راستے سے آتے جاتے ہیں، خام تیل کی ترسیل کے لیے خفیہ آپریشن کی نگرانی

بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 3

ایران کا حملہ، امارات نے اپنی کئی ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل پروازیں معطل کر دیں

مسافر ایئرپورٹ روانہ ہونے سے پہلے اپنی ایئرلائن اور ایئرپورٹ کی تازہ ہدایات ضرور دیکھیں، حکام

ابوظہبی (این این آئی) خلیج میں بڑھتی کشیدگی کے باعث متحدہ عرب امارات نے خلیجی ممالک کے لیے متحدہ پروازیں متاثر اور تاخیر کا شکار ہو گئی ہیں جبکہ ایئرلائنز نے مسافروں کو روانگی سے قبل پرواز کا تازہ ترین اسٹیٹس چیک کرنے کی ہدایت کی گئی

بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 3

کشمیر کی متنازعہ حیثیت کو نظر انداز کیا گیا، امریکی سفیر نے کشمیریوں کی خواہشات کو نظر انداز کیا

امریکی تیارت کی پاکستان اور بھارت کے درمیان کشمیر پر کردار ادا کرنے کی پیشکش کو سنجیدگی سے آگے بڑھانا چاہیے، بیان

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے متنازعہ کشمیر سے متعلق امریکی سفیر کے بیان پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشمیر کی متنازع حیثیت پر غیر ذمہ دارانہ بیانات کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ایک بیان میں شیری رحمان نے کہا کہ متعدد کشمیر کسی ایک ملک کا اندرونی معاملہ نہیں بلکہ عالمی

بقیہ نمبر 31 صفحہ نمبر 3

عمران خان کو پمز ہسپتال منتقل کیے جانیکا امکان، تیاریاں شروع، حتمی فیصلے کا انتظار

سابق وزیراعظم کی ہسپتال منتقلی سے متعلق اہم اجلاس میں انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا، ٹی ٹی وی کی رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے حوالے سے معلوم ہوا ہے کہ انہیں پمز ہسپتال منتقل کیے جانیکا امکان ہے۔ ٹی ٹی وی کے مطابق وفاقی وفاقی وزارت داخلہ کمیٹی اسلام آباد میں ہونے والے اہم اجلاس کے بعد عمران خان کو پمز منتقل

بقیہ نمبر 28 صفحہ نمبر 3

جموں و کشمیر بھارت کا حصہ نہ کبھی تھا نہ ہوگا، امریکی سفیر نے کشمیری عوام کے حق خودارادیت کو نظر انداز کرنے کی کوشش کی، مرکزی

اسلام آباد (آن لائن) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ کشمیر کی حقیقت کسی سفارتی بیان سے نہیں بدل سکتی۔ بھارت میں امریکی سفیر کے متنازع بیان پر ردعمل دیتے ہوئے مشعال ملک کا کہنا تھا کہ جموں و کشمیر بھارت کا حصہ نہ کبھی ہوگا، کشمیر کی متنازع حیثیت یکطرفہ دعووں سے تبدیل نہیں کی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ

بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 3

کشمیر کی متنازع حیثیت پر غیر ذمہ دارانہ بیانات کسی صورت قابل قبول نہیں، شیری رحمان

امریکی تیارت کی پاکستان اور بھارت کے درمیان کشمیر پر کردار ادا کرنے کی پیشکش کو سنجیدگی سے آگے بڑھانا چاہیے، بیان

اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب پنشنرز کے لیے لائف سرٹیفکیٹ کے جاری کی تقریب رونمائی سے خطاب کر رہے ہیں

راشد منہاس شہید کا 55 واں یوم شہادت، افواج پاکستان کا زبردست خراج عقیدت

قوم اور پاک افواج اس بہادر سپوت کی لازوال قربانی کو کبھی فراموش نہیں کریں گی، مسلح افواج کے سربراہان کا خراج عقیدت

راولپنڈی (این این آئی) پاک فضائیہ کے جانباز ہیرو پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید (نشان حیدر) کا 55 واں یوم شہادت جمعرات کو منایا گیا۔ جس مسلح افواج کے سربراہان اور جوانوں نے انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ پاک فوج، پاک فضائیہ اور

بقیہ نمبر 38 صفحہ نمبر 3

شام نے علاقائی امن کے فروغ میں پاکستان کے کردار کو سراہا ہے، پاکستان

پاکستان اور شام کا دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور شام نے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا ہے اور دونوں ملکوں نے خطے اور دنیا بھر میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے، شامی وزیر خارجہ نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔ وزیر خارجہ

بقیہ نمبر 42 صفحہ نمبر 3

Daily Nara-e-Haq
نعرۂ حق
روزنامہ
ABC
حیدرآباد
عصمت اللہ کاکڑ نے الکریم پرنٹرز کواری روڈ نزد چلڈرن ہسپتال سے چھپوا کر بیورو آفس سے شائع کیا۔
موبائل نمبر 03214556669

فتنہ الہندوستان کے مکمل خاتمہ کے لئے سکیورٹی فورسز کے اپریشن جاری

سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقے کلمی زائیک اور زیارت وہرنائی کے درمیان پہاڑی علاقے میں انٹیلی جنس بیسڈ اپریشن کرتے ہوئے چھ دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ اس اپریشن میں تین دہشت گرد زخمی ہوئے۔ ان میں چار دہشت گرد زیارت اور ہرنائی کے درمیان پہاڑی علاقے میں ایک متروکہ مکان میں موجود تھے جو سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں جہنم واصل ہوئے۔ اسی طرح بسیمہ کیمپ سے 12 کلومیٹر شمال میں کلمی زائیک اور کاغلی کے درمیان دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر اپریشن کیا گیا جس میں دو دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ ان میں سے ایک دہشت گرد کی شناخت مشتاق عرف کوہ یار کے نام سے ہوئی ہے۔ دہشت گردوں کے قبضے سے ایمونیشن، میگزین، دستی بم اور آئی ای ڈی بنانے کا سامان برامد ہوا۔ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور بلوچستان میں دیرپا امن کے قیام تک بلاتعطل اپنی کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ یہ امر واقع ہے کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کو بھارت کی سرپرستی اور مالی معاونت حاصل ہونے کے ٹھوس ثبوت اور شواہد موجود ہیں جس کا ایجنڈہ پاکستان کی سلامتی کمزور کرنا اور بلوچستان میں انتشار پیدا کرنا ہے۔ جبکہ چند بھٹکے ہوئے عناصر اس بھارتی ایجنڈے میں استعمال ہوتے ہیں۔ اس میں کوئی دورائے نہیں کہ دشمن قوتیں پاکستان کے امن، معیشت اور قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانے کے لیے دہشت گرد گروہوں کو استعمال کر رہی ہیں۔ خصوصاً بلوچستان میں معصوم شہریوں اور سکیورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنانے کی وارداتیں اس مذموم منصوبے کا حصہ ہیں چنانچہ سکیورٹی فورسز نے دشمن کے اس ایجنڈے کو ناکام بنانے کے لئے ہی انٹیلی جنس بیسڈ اپریشن جاری رکھے ہوئے ہیں تاکہ ریاست دشمن عناصر کو ملک کے کسی حصے میں پنپنے نہ دیا جائے۔ بے شک دہشت گردوں کے خلاف کارروائی میں کامیابی کا تسلسل حوصلہ افزا ہے تاہم دہشت گردی کے پس پردہ موجود مالی سہولت والے بیرونی نیٹ ورک کے بھی مکمل خاتمے کی ضرورت ہے۔

بزرگ بلوچ کی نصیحت نوجوانوں کو

قائداعظم یونیورسٹی کی فضاؤں میں بیتے دن میری زندگی کا ایک ایسا غیر معمولی باب ہیں جن کی چاپ آج بھی ذہن کے نہاں خانوں میں سنائی دیتی ہے۔ اس جامعہ کو بجا طور پر مینی پاکستان کہا جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہاں ملک کے ہر کوچے سے

مضامین

نوجوان علم حاصل کرنے کے لیے یکجا ہوتے ہیں۔ جہاں یہ تنوع بصیرت کو وسعت دیتا ہے وہیں وہاں قائم لسانی اور صوبائی کونسلوں کی باہمی چپقلش اور تصادم کی خبریں اکثر اخبارات کی زینت بھی بنتی رہتی ہیں۔ لیکن اس ماحول کا ایک خوبصورت پہلو یہ تھا کہ یہاں ملک کے ہر حصے کا ایک قدرتی رنگ موجود تھا جس کے باعث میرا حلقہ احباب بھی وسیع رہا۔ میرے سب سے عزیز اور مخلص دوستوں کا تعلق بلوچستان کی غیور اور پروقار سرزمین سے ہے۔

بلوچستان کی تاریخ پر اگر ایک طائرانہ نظر ڈالی جائے تو یہ خطہ شجاعت، میزبانی، غیرت اور عظیم روایت کا امین رہا ہے۔ جغرافیائی لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہونے کے ناطے یہ خطہ ہمیشہ سے تزویراتی اہمیت کا حامل رہا۔ لیکن تاریخ کا ایک المیہ یہ بھی ہے کہ نوآبادیاتی دور کے اثرات، طویل اقتصادی محرومیاں اور انتظامی غفلت کے باعث اس خطے کے بنیادی مسائل کا بروقت اور پائیدار حل نہ نکالا جا سکا۔ ناسازگار حالات، بنیادی سہولیات کا فقدان اور تعلیمی پسماندگی وہ بنیادی چیلنجز ہیں جنہوں نے اس دھرتی کے سادہ لوح اور جری باشندوں کو مسلسل آزمائش میں ڈالے رکھا۔ آج کے دور میں بلوچستان کا سب سے بڑا چیلنج وہاں کے نوجوانوں میں بڑھتا ہوا اضطراب، نومیدی اور محرومی کا احساس ہے۔ جب ایک باصلاحیت نوجوان کے پاس ترقی کے مواقع کم ہوں، بنیادی سہولتیں میسر نہ ہوں اور تعلیمی و فکری شعور کی کمی ہو تو وہ آسانی سے تخریب کار عناصر اور دشمن ریاستوں کی بے رحمانہ سازشوں کا شکار ہو سکتا ہے۔

بیرونی ممالک کی ظاہری چکا چوند آج کے نوجوان کے احساسِ محرومی کو ابھارتی ہے۔ پھر بھارت اور اسرائیل جیسے دشمن ممالک بھاری فنڈنگ کے ذریعے اس خطے کے نوجوانوں کو سہانے خواب دکھا کر گمراہ کرتے ہیں۔ ان کی برین واشنگ کرنا اور انہیں ریاستِ پاکستان کے نظریاتی وجود کے خلاف صف آرا کرنا ہی ان فتنہ پرور عناصر کا نصب العین ہے۔ معصوم اذہان میں یہ زہر گھولا جاتا ہے کہ ان کے مسائل کا حل تخریب کاری اور نظریہ پاکستان سے انحراف میں ہے۔ لیکن قیامِ پاکستان کا یہ بابرکت مہینہ ہمیں پکار پکار کر یاد دلاتا ہے کہ ہمیں ان شخصیات کے افکار اور راستے کو مشعلِ راہ بنانا ہوگا جنہوں نے پاکستان کے تصور کی بنیاد رکھی اور اس کی سلامتی کے لیے عمل پیرا رہے نہ کہ ان کی روش اختیار کرتا جو ان ملک کے نظریے، وجود اور امن کے درپے ہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی بلوچ قیادت نے حکمت اور بصیرت سے کام لیا تو انہوں نے بندوق کے بجائے امن اور تعمیر و ترقی کا راستہ چنا۔ میر ہزار خان مری کی مثال ہمارے سامنے ہے۔ جنہوں نے ماضی کی تلخیوں اور شدت پسندی کے راستے کو خیرباد کہہ کر قومی دھارے اور امن کا راستہ اختیار کیا۔ اسی طرح سرفراز بنگلزئی، گلزار امام شمبے اور ان کے ساتھیوں کا ریاست کے آگے ہتھیار ڈال کر پرامن زندگی کی طرف لوٹ آنا اس بات کا روشن ثبوت ہے کہ تشدد اور غیر ملکی آلہ کار بننے کا انجام صرف تباہی ہے۔ جبکہ بقا اور عزت صرف اپنے نظریے کی آغوش میں ہے۔ آج جب بلوچستان کا نوجوان فکری انتشار اور ناامیدی کے گرداب میں پھنسا ہوا ہے تو اس کا حقیقی مداوا صرف اور صرف حکیم الامت علامہ محمد اقبال کے افکار میں ملتا ہے۔ علامہ اقبال نے ایک صدی قبل ہی اس امت، بالخصوص نوجوانوں کی اس روحانی و فکری بیماری کی تشخیص کر لی تھی اور اس کا درماں بھی تجویز کر دیا تھا۔ علامہ اقبال کی نظم "بوڑھے بلوچ کی نصیحت بیٹے کو" آج کے بلوچ نوجوان کے لیے ایک مکمل منشورِ حیات ہے۔ نظم میں ایک بزرگ بلوچ اپنے جوان بیٹے کو غیرت، عزتِ نفس، اخلاص، کی پاسداری اور خودداری کی تلقین کرتا ہے۔

74 فیصد نے قرضوں کا بوجھ لادنے پر وفاقی وزرا کو نشانِ امتیاز

شیخ راشد عالم

کسی بھی ریاست کی معیشت اس کی ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے۔ جب یہ ریڑھ کی ہڈی غیر ملکی قرضوں کی دیمک چاٹ لے تو قوم صرف مفلوج نہیں ہوتی، بلکہ نسلوں کے لیے غلامی کی زنجیروں میں جکڑی جاتی ہے۔ پاکستان آج اسی غلامی کی دہلیز پر کھڑا ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تازہ اعداد و شمار نے جو تصویر کھینچی ہے وہ کسی ڈراؤنے خواب سے کم نہیں۔ جون 2022 میں ملکی مجموعی قرضہ 47 ہزار 832 ارب روپے تھا، جو جون 2026 تک 83 ہزار 642 ارب روپے تک پہنچ چکا ہے۔ یہ محض 74.86 فیصد کا اضافہ نہیں، یہ قوم کی آئندہ تین نسلوں کی محنت پر غیر ملکی قرض خواہوں کا باضابطہ قبضہ ہے۔ مقامی قرضہ بھی 59 ہزار 441 ارب روپے کی خطرناک سطح پر جا پہنچا ہے۔ ان ہوشربا ہندسوں کو پڑھتے ہوئے ایک عام پاکستانی کا ذہن یہ سوال کرنے پر مجبور ہے کہ جن لوگوں کی پالیسیوں نے ملک کو قرضوں کے اس بھنور میں دھکیلا، انہیں کیا سزا ملی؟ جواب ملتا ہے: سزا نہیں، سول اعزازات! یوم آزادی 2026 کے موقع پر صدر پاکستان آصف علی زرداری نے جن وفاقی وزرا کے لیے نشانِ امتیاز کی نامزدگیاں منظور کی ہیں، ان میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور وزیرِ اقتصادی امور احد خان چیمہ شامل ہیں۔ یعنی معاشی تباہی کے سب سے بڑے دعویداروں کو قومی اعزاز سے نوازنے کی تیاری ہے۔ سینیٹر محمد اورنگزیب کو تو کچھ عرصہ قبل نجی بینکاری سے درآمد کر کے "معاشی مسیحا" کہا گیا تھا، لیکن ان کے دور میں ملک پر 35 ہزار 810 ارب روپے کا اضافی قرض لادا گیا ہے۔ ان کی ہر پالیسی کا نچوڑ یہی رہا: عوام سے ٹیکس وصول کرو، بجلی و گیس مہنگی کرو، کرنسی کو ڈوبنے دو اور پھر آئی ایم ایف کے اگلے پروگرام کے لیے کمر باندھ لو۔ اس "شاندار کارکردگی" پر اگر نشانِ امتیاز نہ ملے تو پھر کسے ملے؟ اسحاق ڈار معاشی بحران کے پچھلے ادوار کے معمار رہے ہیں اور احد خان چیمہ اقتصادی امور و اسٹیبلشمنٹ جیسے حساس محکموں کے سربراہ ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ان کے دامن میں ایسا کون سا کارنامہ ہے جس پر یہ اعزازات دیے جا رہے ہیں؟ کیا قرض لینے کی مہارت اب ملک کا سب سے بڑا "قومی کارنامہ" قرار پا گئی ہے؟ یہ معاملہ صرف انفرادی وزرا کی نااہلی کا نہیں، پورے احتسابی نظام کی نفی کا ہے۔ حکومت نے کچھ عرصہ قبل وزارتوں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کا اعلان کیا تھا اور تمام وزارتوں سے قابلِ تصدیق دستاویزی ثبوت طلب کیے تھے۔ لیکن جب وہی وزارتیں قرضوں کے انبار لگا رہی ہیں اور انہیں کوئی سزا نہیں دی جا رہی، تو اس جائزے کی حقیقت بھی سامنے آ گئی ہے۔ اندرونی بیوروکریٹک جائزے کبھی کسی وزیر کو سزا نہیں دیتے؛ وہ صرف فائلوں کی تزئین و آرائش کرتے ہیں۔ یہاں تو معاملہ الٹا ہے: جائزہ تو دور، انہی ناکام وزرا کو ایوارڈ دینے کی تیاری ہو رہی ہے۔ یہ عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔ اس کے برعکس، پاکستانی افواج نے حالیہ علاقائی کشیدگی میں ثالثی اور امن کے قیام میں جو کردار ادا کیا ہے، اس نے عالمی سطح پر ملک کا وقار بلند کیا ہے۔ لیکن یہ اور بات ہے کہ دفاعی ادارے ریاست کی بقا کے لیے اپنی جانیں قربان کرتے ہیں اور سویلین قیادت ملکی معیشت کو قرضوں کے حوالے کر رہی ہے۔ فوج کی عسکری قربانیاں اپنی جگہ، مگر سویلین حکمرانوں کی معاشی نااہلی اپنی جگہ۔ دونوں کا موازنہ اس لیے ضروری ہے کہ عوام جان لیں کہ ملک کے اندر دو مختلف معیار ہیں: ایک ادارہ اپنی ذمہ داری ادا کر رہا ہے، دوسرا اپنی ذمہ داری چھوڑ کر قوم کو قرضوں کے طوق پہنا رہا ہے۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ پاکستان میں "سزا و جزا" کا تصور ہی ختم ہو چکا ہے۔ جو وزیر جتنا بڑا قرض لے آئے، اسے اتنا بڑا اعزاز ملے گا۔ معیشت کی تباہی کے ذمہ داروں کو نیب یا ایف آئی اے کے حوالے کرنے کے بجائے صدر کی طرف سے نامزدگیاں بھجوائی جا رہی ہیں۔ حکومت ان نامزدگیوں کو فوری واپس لے اور ان وزرا کی کارکردگی کا غیر جانبدار تھرڈ پارٹی آڈٹ کرایا جائے۔ آڈٹ رپورٹ قومی اسمبلی میں پیش کی جائے اور عوام کے سامنے پبلک کی جائے۔ جس وزیر کے دور میں قرضوں میں غیر معمولی اضافہ ہوا، اس کے عہدے کی مدت کے اخراجات کا فرانزک جائزہ لیا جائے۔ اگر بدعنوانی یا غفلت ثابت ہو تو کیس چلایا جائے، نہ کہ سینے پر تمغہ سجایا جائے۔ پاکستان اس وقت دوراہے پر کھڑا ہے: ایک طرف خودمختاری اور قومی وقار ہے، جس کے لیے غیر ملکی قرضوں سے نجات اور خود انحصاری ناگزیر ہے؛ دوسری طرف غلامی ہے، جس کا راستہ انہی قرض خواہوں کی شرائط پر چلنے اور ان کے گنے چنے نمائندوں کو سینے پر تمغے پہنانے سے ہموار ہوتا ہے۔ یوم آزادی کے موقع پر قوم سے پوچھا جانا چاہیے کہ کیا وہ واقعی آزاد ہے، جب اس کی کل معیشت غیر ملکی قرضوں کی یرغمال ہے؟۔ وگرام کے لیے کمر باندھ لو۔ اس "شاندار کارکردگی" پر اگر نشانِ امتیاز نہ ملے تو پھر کسے ملے؟ اسحاق ڈار معاشی بحران کے پچھلے ادوار کے معمار رہے ہیں اور احد خان چیمہ اقتصادی امور و اسٹیبلشمنٹ جیسے حساس محکموں کے سربراہ ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ان کے دامن میں ایسا کون سا کارنامہ ہے جس پر یہ اعزازات دیے جا رہے ہیں؟ کیا قرض لینے کی مہارت اب ملک کا سب سے بڑا "قومی کارنامہ" قرار پا گئی ہے؟ یہ معاملہ صرف انفرادی وزرا کی نااہلی کا نہیں، پورے احتسابی نظام کی نفی کا ہے۔ حکومت نے کچھ عرصہ قبل وزارتوں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کا اعلان کیا تھا اور تمام وزارتوں سے قابلِ تصدیق دستاویزی ثبوت طلب کیے تھے۔ لیکن جب وہی وزارتیں قرضوں کے انبار لگا رہی ہیں اور انہیں کوئی سزا نہیں دی جا رہی، تو اس جائزے کی حقیقت بھی سامنے آ گئی ہے۔ اندرونی بیوروکریٹک جائزے کبھی کسی وزیر کو سزا نہیں دیتے؛ وہ صرف فائلوں کی تزئین و آرائش کرتے ہیں۔ یہاں تو معاملہ الٹا ہے: جائزہ تو دور، انہی ناکام وزرا کو ایوارڈ دینے کی تیاری ہو رہی ہے۔ یہ عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔ اس کے برعکس، پاکستانی افواج نے حالیہ علاقائی کشیدگی میں ثالثی اور امن کے قیام میں جو کردار ادا کیا ہے، اس نے عالمی سطح پر ملک کا وقار بلند کیا ہے۔ لیکن یہ اور بات ہے

نوجوانوں کے روشن مستقبل کی جانب اہم قدم، نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی

پاکستان نوجوانوں کا ملک ہے، آبادی کا ایک بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے اور یہی نوجوان ملک کی سب سے بڑی افرادی قوت، معاشی قوت اور مستقبل کی امید ہیں۔ اگر نوجوانوں کو معیاری تعلیم، جدید ہنر، باعزت روزگار، کاروباری مواقع اور فیصلہ سازی میں موثر کردار فراہم کیا جائے تو پاکستان اپنی نوجوان آبادی کو ایک مضبوط معاشی اثاثے میں

محمود خان

